## 4849 ـ امانت میں تصرف اوراس سےفائدہ حاصل کرنے کا حکم

### سوال

میرے پاس ایک شخص نے کچھ رقم امانت رکھی تومیں نے اس مبلغ سے فائدہ حاصل کیا اورکاروبار کیا ، جب وہ شخص آیا تومیں نے اسے سارا مال واپس کردیا لیکن اس کے مال سے فائدہ لینے کے بارہ میں کچھ بھی نہ بتایا، تو کیا میرا ایسا کرنا جائز ہے کہ نہیں ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب کوئي شخص آپ کے پاس امانت رکھے تواس میں آپ بغیراجازت تصرف نہیں کرسکتے ـ، آپ پراس کی حفاظت اس طرح کرنا ضروری ہے جس طرح اس جیسی اشیاء کی حفاظت کی جاتی ہے ۔

اوراگرآپ نے اس کی اجازت کے بغیر اس میں کوئي تصرف کیا توآپ اس سے معافی مانگیں اگر معاف کردے توٹھیک وگرنہ اسے اس کا مال منافع سمیت واپس کرنا ہوگا ، یا پھر آپ اس نے نصف یا کسی اورحصہ پرمصالحت کرلیں ، اس لیے کہ مسلمانوں کے مابین صلح کرنا جائز ہے لیکن ایسی صلح نہیں ہونی چاہیے جس سے کوئي حلال چیز حرام ہویاپھر حرام چیز حلال کرلی جائے ۔

واللہ اعلم .